**15.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..........ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اپنے دو روزہ اُردن دورے پر Amman پہنچ گئے ہیں۔ وزیر اعظم نے اعتماد ظاہر کیا کہ اُن کا یہ دورہ عرب ممالک کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کو تقویت دے گا۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ خصوصی نظرثانی، انتخابی فہرستوں سے جعلی رائے دہندگان کو حذف کردے گی۔

☆ لوک سبھا نے اعلیٰ تعلیمی اداروں کو بااختیار بنانے سے متعلق بِل کو مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیج دیا ہے۔

☆ یوکرین، سلامتی سے متعلق مغربی گارنٹیوں کے بدلے نیٹو میں شمولیت کی یوکرین کی دعوے داری واپس لینے پر رضامند ہوگیا ہے۔ ساتھ ہی، یوکرین نے روس کو قطعۂ اراضی حوالے کرنے کے امریکی دباؤ کو مسترد کردیا ہے۔

☆ اور کھیلوں میں نئی دلّی میں جاری قومی نشانے بازی چیمپئن شپ میں منو بھاکر اور سمرن پریت کور برار نے خواتین کے 25 میٹر اسپورٹس پسٹل مقابلوں میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Three Nation Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی، اب سے کچھ دیر پہلے اردن کی راجدھانی Amman پہنچ گئے ہیں۔ اردن کے وزیر اعظم ڈاکٹر جعفر حسان نے جناب مودی کا استقبال کیا اور روایتی خیر مقدم کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ وہ ہوائی اڈّے پر پُرجوش خیر مقدم کرنے کیلئے جناب جعفر حسان کے شکر گزار ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ انھیں یقین ہے کہ یہ دورہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی روابط کو فروغ دے گا۔ شاہ عبداللہ دوئم بن الحسین کی دعوت پر، وزیر اعظم مودی اردن کے جامع باہمی دورے پر ہیں، جو 37 سال کی مدت کے بعد ہو رہا ہے۔ دونوں ممالک باہمی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ یہ وزیراعظم کے اردن، ایتھوپیا اور Oman کے تین ملکوں کے دورے کا پہلا مرحلہ ہے۔

روانگی کے وقت اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں شاہ عبداللہ اور اردن کے وزیر اعظم جعفر حسان کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کریں گے۔ جناب مودی Amman میں بھارتی برادری

کے افراد سے بھی ملاقات کریں گے جنھوں نے بھارت—اردن تعلقات میں نمایاں تعاون کیا ہے۔ جناب مودی کا یہ دورہ، دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر ہو رہا ہے۔ Amman سے کَل وزیر اعظم ایتھوپیا کی راجدھانی Addis Ababa جائیں گے۔ وہ Addis Ababa میں ایتھوپیا کے وزیر اعظم ڈاکٹر Abiy احمد علی کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کریں گے۔ جناب مودی بھارتی نژاد افراد سے ملاقات کریں گے اور پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے بھی خطاب کریں گے۔ آخری مرحلے میں جناب مودی بدھ کے روز Oman کے شہر مسقط پہنچیں گے۔ یہ دورہ بھارت اور Oman کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 70 برس پورے ہونے کے موقع پر ہو رہا ہے۔ مسقط میں جناب مودی Oman کے شاہ کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے اور Oman میں بھارتی نژاد افراد کے ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔x

## Final RS Election Reforms

راجیہ سبھا میں انتخابی اصلاحات سے متعلق آج بحث دوبارہ شروع ہوئی۔ قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا کہ اِس مقصد کیلئے SIR کی مشق کی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جو لوگ SIR کی مخالفت کر رہے ہیں وہ یہ بھول گئے ہیں کہ SIR اُس نظریے پر مبنی ہے جسے بھارتی آئین کے بانی بابا صاحب امبیڈکر نے پیش کیا تھا جس کے مطابق یکساں بالغ رائے دہندہ کا مطلب 'ایک فرد، ایک ووٹ، ایک رائے' پر مبنی ہے۔

**S/B Arjun Ram Meghwal**

بحث میں حصہ لیتے ہوئے AIADMK کے ڈاکٹر ایم تھمبی دُرئی نے کہا کہ واضح اور درست انتخابی فہرستیں، جمہوریت کو مستحکم کرتی ہیں اور شفافیت رائے دہندگان کو بااختیار بناتی ہے۔YSRCP کے وائی وی سُبّا ریڈی نے کہا کہ انتخابی اصلاحات ایک مسلسل اصلاحی عمل ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ انتخابات کے انعقاد میں ایمانداری، نتائج میں وضاحت اور سرکاری اعلان میں شفافیت ہونی چاہئے۔ انھوں نے انتخابات کی سرکاری طور پر CCTVs فوٹیج بنانے اور Live ویب کاسٹنگ کی گنجائش کو تمام پولنگ اسٹیشنوں پر لازمی قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ RJD کے سنجے یادو نے زور دے کر کہا کہ ملک کی انتخابی اصلاحات کو اصلاحات کی ایک نئے سلسلے کی ضرورت ہے جو انتخابی کمیشن کو مزید مستحکم کرسکے اور سیاسی پارٹیوں کو ذمے دار بنا سکے نیز انتخابات کے دوران پیسے کی طاقت کے استعمال کو ختم کرسکے۔ شیوسینا کے مرلی ملند دیورا نے کہا کہ SIR ایک بروقت اور ضروری عمل ہے۔

سماجوادی پارٹی کے پروفیسر رام گوپال یادو نے کہا کہ انتخابات بیلٹ کے ذریعے منعقد کئے جانے چاہئیں۔ عآپ کے سندیپ کمار پاٹھک نے اِس بات کو یقینی بنانے پر زور دیا کہ انتخابی کمیشن ایک آزاد ادارے کے طور پر اپنا کام کرے۔ NCP-SCP کی ڈاکٹر فوزیہ خان نے انتخابی اصلاحات سے متعلق ایک بہتر قانون تیار کرنے کیلئے ایک مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی تشکیل کرنے کی تجویز پیش کی۔ BJP کی Sulata Deo، کانگریس کے دِگ وجے سنگھ اور رندیپ سورجے والا، JMM کے ڈاکٹر سرفراز احمد، YSRCP کے ایس نرنجن ریڈی اور BJP کے دنیش شرما سمیت دیگر اراکین نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ البتہ بحث نامکمل رہی اور چیئر نے ایوان کی کارروائی کَل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی۔x

**WB SIR**

مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں پر خصوصی نظرثانی کی مہم SIR کے پہلے مرحلے کے تحت، ووٹروں کی فہرستوں کا مسودہ کل شائع کیا جائے گا۔ ووٹروں کی فہرستوں کا مسودہ شائع کرنے سے قبل، کمیشن نے ووٹرس کے خصوصی مشاہدین مقرر کئے ہیں جو ریاست کے بہت سے اسمبلی حلقوں میں اِس کام کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں۔x

**Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے کرناٹک، تمل ناڈو اور تلنگانہ کے 7روزہ دورے پر ہوں گی۔ وہ کل کرناٹک کے شہر Malavalli میں Adi جگدگرو سری شِوا راتھیشورا شِوا یوگی مہاسوامی جی کی ایک ہزار 66ویں جینتی تقریبات کا افتتاح کریں گی۔ 17تاریخ کو وہ تمل ناڈو کے شہر Vellore کے گولڈن ٹیمپل میں درشن اور پوجا ارچنا کریں گی۔ بعد میں وہ کچھ دیر قیام کرنے کیلئے سکندر آباد کے شہر Bolarum میں واقع راشٹرپتی Nilayam پہنچیں گی۔ صدر جمہوریہ اِس مہینے کی 19تاریخ کو حیدرآباد میں تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے منعقدہ پبلک سروس کمیشن کے چیئرپرسنز کیلئے قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔ 20تاریخ کو صدر جمہوریہ مرمو حیدرآباد میں 'بھارت کی لازوال حکمت، امن اور ترقی کے راستے' سے متعلق ایک کانفرنس سے خطاب بھی کریں گی جس کا انعقاد برہما کمار شانتی سروور نے اپنی اکیسویں سالگرہ منانے کیلئے کیا ہے۔

**LS Viksit Bharat Bill**

وکست بھارت Shiksha Adhishthan بل 2025، جو لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا، مزید جانچ پڑتال کیلئے پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے۔ جب لوک سبھا کی کارروائی دوسری مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد آج دوپہر دو بجے دوبارہ شروع ہوئی تو تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے اِس بل کو پیش کیا۔ البتہ اپوزیشن کے اراکین نے بل کو پیش کرنے کی مخالفت کی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ کے دوران بہت سے اراکین پارلیمنٹ نے بل پر وسیع تر صلاح ومشورے کیلئے زور دیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ اُن کی درخواست پر غور کرتے ہوئے حکومت نے وسیع تر صلاح ومشورے کیلئے اِس بل کو JPC کو بھیجنے کی تجویز رکھی ہے۔ وکست بھارت Shiksha Adhishthan بل کا مقصد، یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیم کے دیگر اداروں کو تدریس، آموزش، تحقیق اور اختراع میں مہارت حاصل کرنے کیلئے بااختیار بنانا ہے۔ بل میں ایک وکست بھارت Shiksha Adhishthan قائم کرنا شامل ہے جس کا مقصد یونیورسٹی اور اعلیٰ تعلیم کے دیگر اداروں کو آزاد، ذاتی طور پر انتظام کرنے کے ادارے بنانے کی راہ ہموار کرنا ہے۔ اس میں Accreditation اور خودمختاری کے ایک جامع اور شفاف نظام کے ذریعے مہارت کو فروغ دینا بھی شامل ہے۔x

**LS Nuclear Energy**

لوک سبھا میں آج نیوکلیائی توانائی کی پائیدار افزودگی اور ترقی سے متعلق ٹرانسفورمنگ اِنڈیا بِل 2025پیش

کیا گیا۔ نیوکلیائی توانائی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہ بِل پیش کیا۔ بِل کا مقصد ہم وطنوں کی بہبود کیلئے بجلی پیدا کرنے کیلئے نیوکلیائی توانائی اور تابکاری کی ترقی کرنا ہے۔ بِل میں نیوکلیائی توانائی کے محفوظ استعمال کیلئے انضباطی لائحہ عمل وضع کرنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ یہ بِل، نیوکلیائی توانائی کے ریگولیٹری بورڈ اور نیوکلیائی توانائی سے متعلق ریڈریسل ایڈوائزری کونسل کے قیام کی گنجائش رکھتا ہے۔ اِس بِل میں جوہری حادثے کی صورت میں مرکزی حکومت کی ذمہ داری طے کرنے کی گنجائش بھی موجود ہے۔ اپوزیشن جماعتوں نے اِس بِل کو متعارف کیے کیے جانے کی مخالفت کی۔x

## LS Repealing and Amending Bill

لوک سبھا میں آج 'منسوخی اور ترمیم کرنے کا بل 2025' پیش کیا گیا۔ قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے یہ کہتے ہوئے بل پیش کیا کہ یہ بل بعض قوانین کو منسوخ کرنے اور دیگر بعض قوانین میں ترمیم کرنے کی راہ ہموار کرتا ہے۔ یہ بل، قانون ساز محکمے کے ذریعے شناخت شدہ فرسودہ قوانین کو منسوخ کرنے کی تجویز کرتا ہے۔x

## Goyal Media Briefing

صنعت و تجارت کے وزیر پیوش گوئل نے آج بتایا کہ ملک میں گذشتہ 11 برسوں میں شمسی توانائی میں 46 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ آج نئی دلّی میں میڈیا کو توانائی کے شعبے سے متعلق پیشرفت کے بارے میں بتاتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ بھارت اب کوئلہ کی پیداوار کرنے والا، دنیا کا چوتھا سب سے بڑا ملک ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گذشتہ سال کوئلے کی ایک ارب ٹن سے زیادہ پیداوار ہوئی، جس سے کوئلے کی درآمدات میں 8 فیصد تک کمی آئی۔ وزیرِ موصوف نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ ہوا سے پیدا ہونے والی بجلی کی صلاحیت میں بھی 53 گیگاواٹ کا اضافہ ہوا ہے۔ جناب گوئل نے اس بات کو اجاگر کیا کہ 2014 سے حکومت نے صرف نتائج پر توجہ دی ہے اور توانائی کے شعبے میں پچھلے 11 برسوں میں وسیع پیمانے پر تبدیلی آئی ہے۔

### S/B Goyal in GNR Mail

کامرس اور صنعت کے وزیر نے کہا کہ توانائی کے شعبے کی تبدیلی یکساں رسائی، شکایت، دستیابی، مالیاتی لچک اور پائیداری پر مبنی ہے۔ انھوں نے قومی گرین ہائیڈروجن مشن کو اجاگر کیا، جس کا ہدف 2030 تک ہر سال پانچ ملین میٹرک ٹن کی پیداواری صلاحیت کا ہے۔ اس کا مقصد روایتی ایندھن کی درآمدات کو ایک لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کم کرنا ہے۔

جناب گوئل نے پی ایم سوریہ گھر اسکیم کو بھی اجاگر کیا جس کے تحت تقریباً 20 ہزار گھرانوں میں چھت پر شمسی توانائی کی تنصیبات کی جارہی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک قابل تجدید توانائی میں اضافی بجلی کی پیداوار، گرڈ انٹیگریشن اور قیادت کے تئیں پیشرفت کر رہا ہے۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ ملک بجلی کی کمی کی صورتحال سے بجلی کا تحفظ کرنے میں تبدیل ہوچکا ہے اور اب یہ بجلی کی پائیداری کی جانب پیشرفت کر رہا ہے۔x

## Ukraine Nato

یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی، سلامتی سے متعلق مغربی گارنٹیوں کے بدلے نیٹو میں شمولیت کی یوکرین کی دعوے داری واپس لینے پر رضامند ہوگئے ہیں۔ تاہم انہوں نے روس کو قطعۂ اراضی حوالے کرنے کے امریکی دباؤ کو مسترد کردیا۔ یہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب وہ جنگ کے خاتمے کے موضوع پر امریکی ایلچیوں سے بات کررہے ہیں۔x

## Delhi Airport Passenger Adviosry

دلّی ہوائی اڈّے پر رن وے کی حدِّنظر میں بہتری آئی ہے اور پروازوں کی کارروائیاں معمول پر آرہی ہیں۔ البتہ پروازوں کی روانگی اور آمد پر کچھ اثر پڑسکتا ہے۔ مسافروں کیلئے ایک ایڈوائزری میں دلّی ہوائی اڈّے نے مسافروں پر زور دیا ہے کہ وہ تازہ ترین اپ ڈیٹس کیلئے اپنی ایئر لائن کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ اُس نے واضح کیا کہ تمام ٹرمنلوں پر مسافروں کی مدد کرنے کی غرض سے، مسافروں کی آمد ورفت کے مختلف علاقوں میں آن گراوٗنڈ عملہ دستیاب ہے۔x

## Delhi Airport Advisory

گھری دھند کے باعث دلّی ہوائی اڈّے پر پروازوں کی آمد ورفت، اِس وقت CAT-III صورتحال کے تحت منظم کی جارہی ہے۔ دلّی ہوائی اڈّے نے ایک ایڈوائزری میں بتایا ہے کہ اِس صورتحال سے پروازوں میں تاخیر ہوسکتی ہے اور اُنھیں منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس نے یقین دلایا کہ اس کی گراوٗنڈ کی ٹیمیں سفر کو آسان بنانے کی غرض سے مسافروں کی فعال طور پر مدد کر رہی ہے۔ مسافروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ پروازوں کی تازہ ترین اَپ ڈیٹس کو چیک کریں۔ CAT-III ایک نیوی گیشن نظام ہے جو جہازوں کو گہری دُھند کے دوران اُترنے اور موسم کی صورتحال بتانے میں اُس وقت مدد دیتا ہے جب حَدِّنظر کم ہو۔x

## Air Pollution Review Meeting

جنگلات، ماحولیات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر سنگھ یادو نے غازی آباد اور نوئیڈا میں فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے کارروائی جاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لینے کے مقصد سے آج ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران، وزیر موصوف نے باقی ماندہ صنعتی اکائیوں میں آلودگی پر قابو پانے کے مرکزی بورڈ، CPCB کی جانب سے نصب کیے جارہے آن لائن Contineous اِمیشن مونٹرنگ سسٹم سے متعلق اَپڈیٹ حاصل کیا۔ انہوں نے اِنہیں نصب کرنے کیلئے برموقع معائنوں اور مدد کی صورتحال سے بھی واقفیت حاصل کی۔ انہوں نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے شہروں کیلئے حقیقی بنیادوں پر فنڈس مختص کیے جانے کے مقصد سے صاف ہوا کے قومی پروگرام کے پیمانے مقرر کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ جناب یادو نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں ہوا کے معیار کے بندوبست سے متعلق کمیشن، CAQM سے کہا کہ وہ شہری ایکشن پلان کے نفاذ کیلئے پیمانوں کو مزید

بہتر کرے۔ جناب سنگھ نے میونسپل حکام کو مشورہ دیا کہ وہ ہریالی کو بڑھانے کی کوششوں کے تحت گرمی روکنے والے اور کم پانی کی ضرورت والے پودے اور گھاس کی دیسی اقسام لگائیں۔ انہوں نے ہوا کے معیار کو بہتر بنانے سے متعلق ایکشن پلان کے زمین پر سخت نفاذ سے متعلق اقدامات کرنے کو کہا۔ جناب یادو نے دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں فضائی آلودگی سے نمٹنے کیلئے عوامی نمائندوں اور شہریوں کی شمولیت پر زور دیا۔×

## Goa Nightclub PIL

باممبے ہائی کورٹ کی گوا بینچ نے اَرپورا کے Birch by Romeo Lane نائٹ کلب کے خلاف دائر دیوانی مقدمے کو مفاد عامہ کی عرضی، PIL میں تبدیل کردیا ہے۔ گوا کے اِس کلب میں 6دسمبر کو آگ لگنے کے واقعے میں 25لوگوں کی موت ہوگئی تھی۔ جسٹس سارنگ کوتوال اور جسٹس پرتھوی راج چوہان پر مشتمل ڈیویژن بینچ نے اِسے PIL میں تبدیل کرتے ہوئے کہا کہ اِس طرح کے معاملوں میں کسی نہ کسی کو تو ذمہ دار ٹھہرانا ہوگا۔ ہائی کورٹ نے نائٹ کلب کو دیے گئے اجازت ناموں کے بارے میں ریاستی حکومت سے جواب داخل کرنے کو کہا۔ یہ عرضداشت نائٹ کلب کی زمین کے مالکان پردیپ گھاڑی امونکر اور سُنیل دِوکر کی جانب سے داخل کی گئی تھی۔ باممبے ہائی کورٹ کی بینچ نے معاملے کی اگلی سماعت کیلئے 8جنوری 2026 کی تاریخ مقرر کی ہے۔×

## Shooting Final

اڑسٹھویں قومی نشانے بازی چیمپئن شپ مقابلوں میں اولمپک میں دوہری میڈل یافتہ منو بھاکڑ اور ISSF عالمی کپ فائنل 2025میں سونے کا تمغہ جیتنے والی سمرن پریت کور برار نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔ بھارتی کھلاڑیوں نے آج نئی دلّی کے ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں اِس شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ منو بھاکڑ نے خواتین کے سینئر 25میٹر اسپورٹس پسٹل زمرے میں، جبکہ سمرن پریت کور برار نے خواتین کے جونیئر 25میٹر اسپورٹس پسٹل زمرے میں سونے کے تمغے جیتے۔فائنل میں منو نے 36نشانے لگائے اور وہ چاندی کا تمغہ جیتنے والی کرناٹک کی دِویا TS سے آگے رہیں۔ انجلی چودھری نے کانسے کا تمغہ جیتا۔خواتین کے جونیئر 25میٹر اسپورٹس پسٹل زمرے کے فائنل میں سمرن پریت کور برار نے اپنی شاندار کارکردگی جاری رکھتے ہوئے 39نشانے لگائے اور سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆